بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

AL-QURAN THE CRITERION

TM

INTERNATIONAL
ISLAMIC PROPAGATION
CENTRE CANADA

## القرآن کیا کہتا ہے


# منافق کے بارے میں

مؤلّف: محمد شیخ

#عبداللہ #قرآن کا بشر

اشاعت کردہ آئی پی سی کینیڈا، 04 اپریل 2024

انٹرنیشنل اسلامک پروپگیشن سینٹر کینیڈا
کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے۔




آپ کو دعوۃ اور مذہبی تقابل کی تربیت کیلئے شیخ احمد دیدات نے 1988ء میں منتخب کیا جسکا انعقاد IPCI۔ ڈربن جنوبی افریقہ میں کیا گیا۔ اس دعوۃ اور مذہبی تقابل کی تربیت کی تکمیل پر آپ کو سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا جو معزز شیخ احمد دیدات کی طرف سے پیش کیا گیا۔



## سوشل میڈیا نیٹ ورک

- YouTube
- facebook
- App Store
- Google play
- Instagram
- tv
- androidtv
- Roku
- amazon fireTV
- NVIDIA SHIELD
- OTT PLAYER
- Podcasts
- TIKILIVE
- Mi Box
- jadoo
- Shava tv
- ZAAP TV
- wwiTV
- maaxTV
- RAVO
- CloudTV

## عطیہ کریں

ٹائٹل: انٹرنیشنل اسلامک پروپگیشن سینٹر کینیڈا،
7060 میک لافلین روڈ، مسی ساگا ONL5W1W7، کینیڈا

بنک کا نام: TD کینیڈا ٹرسٹ، برانچ نمبر: 1597 — اکاؤنٹ نمبر: 5042218
کینیڈا آئی بن: 026009593 — ٹرانزٹ نمبر: 15972
سوئفٹ کوڈ: TDOMCATTTOR — انسٹی ٹیوشن نمبر: 004
(امریکہ سے عطیہ دینے والوں کے لئے: ABA026009593)

IIPC

132 مین اسٹریٹ ساؤتھ، راک ووڈ،
اونٹاریو، N0B 2K0، کینیڈا،
1-800-867-0180

رجسٹر کریں

IIPC CANADA

www.iipccanada.com
info@iipccanada.com

# تعارفِ کتابچہ

یہ قرآن کے درس سے متعلق حوالہ جات کا کتابچہ ہے جو آیات پر مبنی ہوتا ہے۔اس کتابچے میں قرآنی آیات کو مُقرِّر محمد شیخ نے موضوع کی مطابقت کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ کی مدد سے ترتیب دیا ہے۔

یہ کتابچہ قارئین کو قرآنی مضامین سے تعارف کرانے کے لئے تدوین کیا گیا ہے۔

موضوع سے متعلق سوالات کے جوابات صرف قرآنی آیات سے دیئے گئے ہیں تاکہ کلام اللہ پر تدبر و تفکر کیا جا سکے۔اس موضوع پر انٹرنیشنل اسلامک پروپگیشن سینٹر کے بانی جناب محمد شیخ صاحب کے درس کو ہماری ویب سائٹ www.iipccanada.com پر دیکھا جا سکتا ہے۔

خیال رہے کہ موضوع سے متعلق تمام آیات اس کتابچے میں شامل نہیں اور محققین کسی جامع فہرست قرآن سے بقیہ آیات کے حوالے از خود تلاش کر سکتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اس کتابچے میں شامل آیات کو یاد کر کے اپنے دوست واحباب کو براہِ راست دینِ اسلام کی جانب دعوت دے سکیں گے اور اس طرح یہ کوشش تبلیغ دین کے لئے مفید ثابت ہوگی۔

تمام آیات کی ترتیب و ترجمہ محمد شیخ صاحب کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ موضوع سے متعلق سوالات یا کوئی اور تجاویز ہمیں بذریعہ الیکٹرونک میل Info@iipccanada.com پر بھیجیں۔

ہم اپنے مسلم قارئین سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ اس کتابچے یا ہمارے کسی دوسرے کتابچے کا بغور مطالعہ کریں۔

آیات کو ترجمے کے ساتھ یاد کریں اور پھر اپنے حلقہ احباب میں اُن کی تبلیغ کیلئے بھرپور کوشش کریں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو جزا دے اور مومنوں کا حامی و ناصر ہو۔

آمین، والسّلام

**انٹرنیشنل اسلامک پروپگیشن سینٹر کینیڈا**

AL-QURAN THE CRITERION

INTERNATIONAL
ISLAMIC PROPAGATION
CENTRE CANADA

# محمد شیخ کے بارے میں

محمد شیخ اسلام اور مذہبی تقابل کے پبلک مُقرِّر ہیں۔

اُن کے درس قرآن کی آیات پر مبنی ہیں جس کا مقصد اسلام سے متعلق غلط تصورات کی نشاندہی کرنا، مُستند اسلامی عقائد پیش کرنا اور قرآن سے متعلق روایتی اور متعصّبانہ رائے کے مقابلے میں اُس کا عقلی اور حقیقی تجزیہ پیش کرنا ہے اور بغیر کسی سیاسی اور گروہی جانبداری کے وہ لوگوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس بات کا تجزیہ کریں اور سمجھیں کہ قرآن خود مختلف موضوعات سے متعلق کیا کہتا ہے، کیونکہ قرآن ہی اسلام سے متعلق اصل عبارت اور متن ہے اور اللہ کا کلام ہے اور ان ہی اللہ کے کلمات کا لوگوں پر عیاں ہونا ہے۔

محمد شیخ کو دعوۃ اور مذہبی تقابل کی تربیت کے لئے شیخ احمد دیدات نے 1988ء میں کراچی پاکستان سے منتخب کیا جس کا انعقاد (IPCI) ڈربن جنوبی افریقہ میں کیا گیا۔ اس دعوۃ اور مذہبی تقابل کی تربیت کی تکمیل پر اُن کو سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا جو معزز شیخ احمد دیدات کی طرف سے پیش کیا گیا۔

AL-QURAN THE CRITERION

TM

INTERNATIONAL
ISLAMIC PROPAGATION
CENTRE CANADA

# انٹرنیشنل اسلامک پروپگیشن سینٹر کینیڈا

انٹرنیشنل اسلامک پروپگیشن کا مقصد قرآنی تعلیمات کو عام کرنا ہے۔

یہ ادارہ ۱۹۸۷ میں اس کے بانی جناب محمد شیخ صاحب نے کراچی میں قائم کیا۔ یہ ایک رجسٹرڈ ادارہ ہے۔

جو اب روک وڈ، کینیڈا میں واقع ہے۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد قرآنِ کریم پر تحقیق، تدریس اور مذاہبِ عالم کے تقابلی موازنے اور تبلیغ اسلام کے کام کے واسطے کے لئے کیا گیا ہے۔

اور یہ ادارہ بغیر کسی سیاسی یا فرقہ وارانہ وابستگی کے قرآن کریم کی آیات کے ذریعے اسلام کی دعوت کو عام کرر ہا ہے۔ عوام الناس ہماری دعوت کے ذریعے قرآن فہمی کی جانب گامزن ہو سکتے ہیں۔

مختلف قرآنی عنوانات پر محمد شیخ صاحب کے دروس اور کتابچے مفید ثابت ہونگے۔

ہم تمام مکاتبِ فکر کے افراد کو قرآن کریم کی جانب دعوت دیتے ہیں اور ویڈیو لیکچرز اور کتابیں مہیّا کرتے ہیں۔

ہماری آپ سے اپیل ہے کہ آپ اس نیک کام میں ہمارا ساتھ دیں اور دعوتِ اسلام کو عام کرنے کے لئے بڑھ چڑھ کر حصہ کرلیں۔ آپ ہمارے تمام کتابچے اور ویڈیوز ہماری

ویب سائٹ www.iipccanada.com پر دیکھ سکتے ہیں

اور سینٹر کے متعلق مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ثابت قدم رکھے تا کہ ہم اُس کے دین کو عام کرسکیں۔

# ہمارا نصبُ العین القرآن کی روشنی میں

اور جب اللہ نے ان لوگوں سے
جنھیں کتاب دی گئی، عہد لیا کہ
اسے واضح طور پر لوگوں سے بیان
کریں گے اور اسے چھُپائیں گے
نہیں، پس انہوں نے اس کو
پسِ پُشت ڈال دیا اور اسے
تھوڑی قیمت پر بیچ دیا تو انہوں
نے کیا ہی بُرا سودا کیا۔

(آلِ عمران ۳:۱۸۷)

پڑھ!

اپنے رب کے نام کے ساتھ


## اللہ کی کتاب القرآن

---

## القرآن کی ۶۲۳۷ آیات میں سے

## صرف دو آیات

پس کیا وہ قرآن میں
تدبّر نہیں کرتے
اور اگر وہ غیر اللہ
کی طرف سے ہوتا تو
بے شک وہ اس میں
کثرت سے اختلاف پاتے۔
(النساء ۴:۸۲)




اور یقیناً ہم نے
قرآن کو سمجھنے
اور یاد کرنے کیلئے
آسان بنا دیا ہے، پس ہے
کوئی نصیحت حاصل
کرنے والا؟
(القمر ۵۴:۱۷)

* انسانیت کیلئے اعلانِ برحق
* رحمت اور حکمت کا سرچشمہ
* غافلوں کے لئے تنبیہ
* بھٹکے ہوؤں کے لئے راہنما
* شکوک میں مبتلا لوگوں کے لئے یقین دہانی
* مصیبت میں گھرے ہوؤں کے لئے ایک تسکین
* مایوس لوگوں کے لئے اُمّید

## اَلْمُنٰفِقُوْنَ ٦٣

## المنافقون ٦٣

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ
قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ
وَاللّٰهُ يَشْهَدُ
اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ ①

ا۔جب منافق تیرے پاس آتے ہیں تو
کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً تُو اللہ
کا رسول ہے اور اللہ جانتا ہے کہ بیشک
تُو اس کا رسول ہے تاہم اللہ شہادت/گواہی دیتا ہے
کہ بالیقین منافقین جھوٹے ہیں۔

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً
فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ②

۲۔انہوں نے اپنے داہنے کو ڈھال پکڑا،
پس وہ اللہ کے راستے کے بارے میں روکتے ہیں۔
بیشک بُرا ہے جو وہ عمل کر رہے تھے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا
ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③

۳۔یہ اس سبب سے ہے کہ وہ ایمان لے آئے
پھر کفر اختیار کر لیا پس ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی
لہٰذا وہ سمجھ نہیں سکتے۔

المنافقون ٦٣

وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ ۖ
وَإِن يَقُولُوا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۖ
كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۖ
يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۚ
هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۚ
قَاتَلَهُمُ اللَّهُ ۖ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٤﴾

۴۔اور جب تُو انہیں دیکھتا ہے تو ان کے اجسام
تجھے بھلے معلوم ہوتے ہیں
اور جب وہ باتیں کرتے ہیں
تُو ان کی باتوں کو سنتا ہے
کہ گویا وہ کھوکھلی لکڑیوں کی بَلیاں ہیں
وہ ہر چیخ و پکار کو اپنے ہی خلاف گمان کرتے ہیں،
وہ دشمن ہیں، پس ان سے بچو ان پر خدا کی مار
وہ کدھر بہکائے جا رہے ہیں۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا
يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُولُ اللَّهِ
لَوَّوْا رُءُوسَهُمْ
وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّونَ
وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ ﴿٥﴾

۵۔اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ
اللہ کا رسول تمہارے لئے بخشش چاہے گا
وہ اپنے سروں کو پھیر لیتے ہیں
اور تُو اُن کو مخالفت کرتے ہوئے دیکھے گا
اور وہ بڑائی چاہنے والے لوگ ہیں۔

سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ
أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ
لَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۚ
إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي
الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿٦﴾

٦۔خواہ تُو ان کے لئے بخشش چاہے
یا نہ چاہے ان کے لئے برابر ہے،
اللہ اُنہیں ہرگز نہ بخشے گا
بیشک اللہ فاسق لوگوں کی ہدایت نہیں کرتا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ
لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ
عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ
وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٧﴾

۷۔ وہ ہی تو لوگ ہیں جو کہتے ہیں
تم نہیں ان (مومنوں) پر خرچ کرو
جو اللہ کے رسول کے نزدیک ہیں
یہاں تک کہ وہ بکھر جائیں۔
اور اللہ کے لئے آسمان اور زمین کے خزانے ہیں
اور لیکن منافق نہیں سمجھتے۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ
رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ
لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ
وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ
وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨﴾

۸۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ لوٹ گئے
تو معزز ترین ذلیل ترین کو ضرور وہاں سے
نکال باہر کریں گے حالانکہ عزت تو اللہ
اور اس کے رسول اور ایمان
والوں کے لئے ہی ہے، اور لیکن
منافق یہ نہیں جانتے۔

البقرۃ ٢

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ
اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨﴾

٨ ۔ اور لوگوں میں سے ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں
کہ ہم اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لائے
مگر وہ مومن نہیں ۔

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ
وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ
وَمَا يَشْعُرُوْنَ ؕ﴿٩﴾

٩ ۔ وہ اللہ کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے
دھوکہ دیتے ہیں مگر وہ کسی کو دھوکہ نہیں دیتے
سوائے اپنے نفسوں کے
اور ان کو اس کا شعور نہیں ۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ
فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ
بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿١٠﴾

١٠ ۔ اُن کے دلوں میں مرض ہے
اللہ نے ان کے مرض میں زیادتی کر دی،
اور ضرور ان سب کیلیئے دردناک عذاب ہے
جو وہ جھوٹ بول رہے تھے ۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ
لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ
قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿١١﴾

١١ ۔ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ
زمین میں فساد نہ کرو، تو وہ کہتے ہیں
کہ بیشک ہم اصلاح / صحیح کرنے والے ہیں ۔

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ
وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٢﴾

١٢ ۔ آگاہ ہو جاؤ وہ ہی فساد کرنے والے ہیں
اور لیکن وہ شعور نہیں رکھتے ۔

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ تَعَالَوۡا اِلٰى
مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوۡلِ
رَاَيۡتَ الۡمُنٰفِقِيۡنَ يَصُدُّوۡنَ
عَنۡكَ صُدُوۡدًا ۚ‏ ﴿۶۱﴾

٦١۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ
اس کی طرف آؤ جو اللہ نے نازل کیا/اُتارا ہے،
اور الرسول کی طرف آؤ،
تو تُو دیکھتا ہے کہ منافق تجھ
سے حد درجہ پہلو تہی کرتے ہیں۔

فَكَيۡفَ اِذَاۤ
اَصَابَتۡهُمۡ مُّصِيۡبَةٌ ۢ
بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ
ثُمَّ جَآءُوۡكَ يَحۡلِفُوۡنَ ۖ
بِاللّٰهِ اِنۡ اَرَدۡنَاۤ
اِلَّاۤ اِحۡسَانًا وَّتَوۡفِيۡقًا ﴿۶۲﴾

٦٢۔ پس کیا حال ہوگا؟
ساتھ جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا، پھر وہ
حلف اٹھاتے ہوئے تیرے پاس آئیں گے
کہ ہمارا ارادہ تو بھلائی اور توفیق دینے کا تھا۔

النساء ۴

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ
اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ
وَلَوۡ اَنَّهُمۡ اِذۡ ظَّلَمُوۡۤا
اَنۡفُسَهُمۡ جَآءُوۡكَ
فَاسۡتَغۡفَرُوا اللّٰهَ
وَاسۡتَغۡفَرَ لَهُمُ الرَّسُوۡلُ
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيۡمًا ﴿٦٤﴾

۶۴۔ اور ہم نے رسول کو نہیں بھیجا
سوائے یہ کہ اللہ کی اجازت کے ساتھ
تا کہ اُسکی اطاعت کی جائے۔
اور جنہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا
وہ تیرے پاس آتے پھر اللہ کی بخشش چاہتے
اور رسول اُن کے لئے بخشش چاہتا
تو وہ ضرور اللہ کو لوٹنے والا، رحم کرنے والا پاتے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ
حَتّٰى يُحَكِّمُوۡكَ فِيۡمَا شَجَرَ بَيۡنَهُمۡ
ثُمَّ لَا يَجِدُوۡا فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ
حَرَجًا مِّمَّا قَضَيۡتَ
وَيُسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا ﴿٦٥﴾

۶۵۔ پس نہیں، تیرے رب کی قسم یہ لوگ
کبھی مومن نہیں ہو سکتے، جب تک کہ
اس اختلاف میں جو اُن کے درمیان ہے،
تجھے حاکم نہ بنائیں، پھر تُو جو بھی فیصلہ کر دے،
اس پر اپنے دلوں میں ذرا سی بھی تنگی کا
احساس نہ کریں اور وہ اس کو اس طرح
تسلیم کر لیں جس طرح تسلیم کرنے کا حق ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا
ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا
ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا
لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ
وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿١٣٧﴾

۱۳۷۔ تحقیق وہ لوگ جو ایمان لائے،
پھر کافر ہوئے، پھر ایمان لائے، پھر منکر ہوئے،
پھر اپنے کفر میں زیادتی کرتے چلے گئے،
اللہ اُنہیں معاف نہیں کرے گا
اور نہ ہی اُنہیں راہ دکھائے گا۔

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ
بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٣٨﴾

۱۳۸۔ بشارت دے دے منافقوں کو،
کہ بے شک ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اِلَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ
الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ
مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ
اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ
فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿١٣٩﴾

۱۳۹۔ وہ جنہوں نے مومنوں کے بجائے
کافروں کو دوست بنا لیا، کیا وہ ان کے نزدیک
عزت ڈھونڈتے ہیں؟
پس تحقیق تمام عزت تو اللہ ہی کے لئے ہے۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ
وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ
قَامُوْا كُسَالٰى ۙ
يُرَآءُوْنَ النَّاسَ
وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٤٢﴾

۱۴۲۔ بیشک منافقین اللہ کو دھوکہ دیتے ہیں
اور وہ اُن کو دھوکہ دیتا ہے، اور جب وہ
صلوٰۃ/نماز کی طرف کھڑے ہوتے ہیں،
بے مروّتی/کاہلی سے کھڑے ہوتے ہیں
لوگوں کو دکھانے کے لئے اور وہ
اللہ کو تھوڑا ہی یاد کرتے ہیں۔

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ
لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۚ
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ
فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿١٤٣﴾

۱۴۳۔ وہ اس کے درمیان متذبذب ہیں۔
نہ اِس طرف کے اور نہ اُس طرف کے۔
اور جس کو اللہ گمراہ کردے
پس تُو اس کے لئے ہرگز کوئی راہ نہ پائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ
اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا
لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿١٤٤﴾

۱۴۴۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو،
مومنوں کے علاوہ کافروں کو دوست نہ بناؤ،
کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کا
واضح اختیار قائم کرلو؟

اِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ
فِى الدَّرۡكِ الۡاَسۡفَلِ
مِنَ النَّارِ‌ۚ
وَلَنۡ تَجِدَ لَهُمۡ نَصِيۡرًا ۙ‏ ﴿۱۴۵﴾

۱۴۵۔ بے شک منافق جہنم کے سب سے
نچلے درجے میں ہوں گے، اور تُو ان کے واسطے
کوئی مددگار نہیں پائے گا۔

اِلَّا الَّذِيۡنَ تَابُوۡا
وَاَصۡلَحُوۡا
وَاعۡتَصَمُوۡا بِاللّٰهِ
وَاَخۡلَصُوۡا دِيۡنَهُمۡ لِلّٰهِ
فَاُولٰٓـئِكَ مَعَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ‌ؕ
وَسَوۡفَ يُـؤۡتِ اللّٰهُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ
اَجۡرًا عَظِيۡمًا‏ ﴿۱۴۶﴾

۱۴۶۔ سوائے ان کے جنہوں نے توبہ کر لی، اور اپنی
اصلاح کر لی، اور اللہ کی پناہ لی،
اور اپنے دین کو اللہ کے لئے خالص کر لیا،
پس ایسے ہی لوگ ایمان والوں کے ساتھ
ہوں گے، اور اللہ جلد ایمان والوں کو
اجرِ عظیم عطا کرے گا۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ
اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ
تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ
قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ
اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ
مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾

٦٤۔ منافق اپنے اوپر کسی ایسی سورت کے
نازل/اُترنے ہونے سے ڈرتے ہیں
جو اس کو جو کچھ ان کے دلوں میں ہے،
ان پر ظاہر کر دے کہہ دے
تم ہنسی اڑا لو، بے شک اللہ نکالنے والا ہے،
جس سے تم ڈرتے ہو۔

وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ
لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ
وَنَلْعَبُ ۭ
قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ
كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾

٦٥۔ اور اگر تُو ان سے پوچھے تو کہیں گے کہ
ہم یونہی بات چیت، دل لگی کر رہے تھے،
کہہ دے کہ کیا تم اللہ اور اس کی
آیات/نشانیوں کا اور اس کے رسول کا
مذاق اڑا رہے تھے؟

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ
بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۭ
اِنْ نَّعْفُ عَنْ
طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْكُمْ
نُعَذِّبْ طَاۗىِٕفَةًۢ
بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ ۧ

٦٦۔ معذرت نہ کرو، تحقیق تم نے اپنے
ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کیا؟
اگر ہم تمہارے ایک گروہ سے درگزر کریں گے،
تو ایک دوسرے گروہ کو عذاب دیں گے
کیونکہ وہ مجرم تھے۔

التوبة ٩

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ
بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ
يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ
وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ
نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ
اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٦٧

٦٧۔ منافق مرد اور منافق عورتیں آپس میں
ایک ہی کچھ ہیں، وہ بہروپیئے/برائی کا
حکم دیتے ہیں، اور معروف/جانے پہچانے کے
بارے میں منع کرتے ہیں،
وہ اپنے ہاتھوں کو روک کر رکھتے ہیں
(خرچ کرنے میں)، انہوں نے اللہ کو بھلا دیا،
پس اُس نے بھی ان کو بھلا دیا،
بے شک منافق ہی آزادی لینے والے ہیں۔

وَعَدَ اللّٰهُ
الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ
هِىَ حَسْبُهُمْ ۚ
وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ
وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝٦٨

٦٨۔ اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں
اور کفار سے جہنم کی آگ کا وعدہ کیا،
جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے وہی ان کے لئے
کافی ہے اللہ نے ان پر لعنت کی
اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے۔

التوبة ٩

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ
جَٰهِدِ ٱلْكُفَّارَ
وَٱلْمُنَٰفِقِينَ
وَٱغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ
وَمَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۖ
وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ٧٣

٧٣ ۔ اے نبی
کفار اور منافقوں سے جہاد/جد و جہد کر،
اور ان سے سخت برتاؤ کر، اور
انکا ٹھکانہ جہنم ہے اور
وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔

يَحْلِفُونَ بِٱللَّهِ مَا قَالُوا۟ ۚ
وَلَقَدْ قَالُوا۟ كَلِمَةَ ٱلْكُفْرِ
وَكَفَرُوا۟ بَعْدَ إِسْلَٰمِهِمْ
وَهَمُّوا۟ بِمَا لَمْ يَنَالُوا۟ ۚ
وَمَا نَقَمُوٓا۟ إِلَّآ أَنْ أَغْنَىٰهُمُ ٱللَّهُ
وَرَسُولُهُۥ مِن فَضْلِهِۦ ۚ
فَإِن يَتُوبُوا۟ يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۖ
وَإِن يَتَوَلَّوْا۟ يُعَذِّبْهُمُ ٱللَّهُ
عَذَابًا أَلِيمًا
فِى ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ ۚ
وَمَا لَهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ
مِن وَلِىٍّ وَلَا نَصِيرٍ ٧٤

٧٤۔ وہ اللہ کا حلف اُٹھاتے ہیں
کہ اُنہوں نے نہیں کہا۔
اور تحقیق اُنہوں نے کفر کا کلمہ کہا
اور اُنہوں نے کفر کیا اسلام لانے کے بعد
اور اُنہوں نے دلچسپی رکھی
اسکے ساتھ جو وہ ہرگز نہیں پہنچ سکے۔
اور اُنہوں نے انتقام نہیں لیا
سوائے یہ کہ اللہ اور اُس کے رسول نے
اُنہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا تھا۔
پس اگر وہ توبہ کریں وہ اُن کیلئے بہتر ہوگا۔
اور اگر وہ پلٹ جائیں تو اللہ اُنہیں عذاب دیگا
دردناک عذاب دنیا اور آخرت میں۔
اور اُن کے لئے زمین میں نہ کوئی
اولیاء/سرپرست ہوگا اور نہ ہی مددگار۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ
لَئِنْ اٰتٰنَا مِنْ فَضْلِهٖ
لَنَصَّدَّقَنَّ
وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾

٧٥۔اور اُن میں سے جنہوں نے اللہ سے عہد کیا
اگر اس نے اپنے فضل سے ہمیں دیا
تو ہم ضرور صدقہ /خیرات دیں گے
اور ہم ضرور صحیح کرنے والوں میں سے ہونگے۔

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ
بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا
وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾

٧٦۔پس جب اُس (اللہ) نے اپنے فضل سے
اُنہیں دیا وہ اس کے ساتھ
کنجوسی کرنے لگے اور پلٹ گئے
اور وہ اعراض کرنے والے ہیں۔

فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا
فِيْ قُلُوْبِهِمْ
اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ
بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ
مَا وَعَدُوْهُ
وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿٧٧﴾

٧٧۔پس ان کی عاقبت میں (اللہ) نے ان کے
دلوں میں اس دن تک کے لئے نفاق ڈال دیا،
جب وہ اس سے ملیں گے،
بسبب اس وعدہ خلافی کے جو انہوں نے
اللہ سے کی اور بسبب ان کے جھوٹ بولنے کے۔

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ
وَنَجْوٰىهُمْ
وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٧٨﴾ج

٧٨۔کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ تو ان کے بھیدوں
اور سرگوشیوں کو خوب جانتا ہے؟
اور بے شک اللہ غیبوں کا جاننے والا ہے۔

التوبة ٩

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ
الْمُطَّوِّعِيْنَ
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
فِى الصَّدَقٰتِ
وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ
اِلَّا جُهْدَهُمْ
فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ
سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ز
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾

٧٩۔ وہ لوگ جو مومنین میں سے فیاضی کے ساتھ
صدقات دینے والوں پر، اور ان پر
جو اپنی محنت کے سوا کچھ نہیں پاتے،
الزام دھرتے ہیں، اور ان کا مذاق اڑاتے ہیں
اللہ ان کا مذاق اڑاتا ہے،
اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ
اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ
اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ
سَبْعِيْنَ مَرَّةً
فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا
بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى
الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ع ﴿۸۰﴾

٨٠۔ تُو اُن کے لئے بخشش چاہے
یا تُو اُن کے لئے بخشش نہ چاہے۔
اگر تُو اُن کے لئے ستّر مرتبہ بھی بخشش چاہے گا
پس ہرگز اللہ اُن کی بخشش نہیں کرے گا۔
وہ اسلئے ہے کہ بیشک اُنھوں نے
اللہ اور اُسکے رسول کیساتھ کفر/انکار کیا
اور اللہ فاسقین/آزادی لینے والی
قوم کی ہدایت نہیں کرتا۔

التوبة ٩

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ
مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ
وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛؔ
مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۫
لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ
سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ
ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۚ﴿۱۰۱﴾

۱۰۱۔ اوران عربوں میں سے جو تمہارے
ماحول میں ہیں، بعض منافق ہیں،
اوراہل مدینہ میں سے کچھ نفاق پر اڑے ہوئے ہیں
تو اُنہیں نہیں جانتا، ہم اُنہیں جانتے ہیں،
ہم عنقریب اُنہیں دوبار عذاب دیں گے،
پھر وہ عذاب عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ
خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا
وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾

۱۰۲۔ اور دوسرے لوگوں نے اپنے گناہوں کے ساتھ
اعتراف کیا جنہوں نے صحیح عمل کو
اور دوسرے بُرے عمل کو ملایا ہوا ہے۔
ہوسکتا ہے کہ اللہ اُن کے اوپر لوٹے۔
بیشک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً
تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا
وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ
اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾

۱۰۳۔ اُن کے مالوں سے صدقہ /خیرات لے لو
(جو کچھ بھی حصّہ حیثیت کے مطابق ہو)
تاکہ اسکے ساتھ تُو اُن کا تزکیہ کر
اوران کی طہارت کر اور تُو ان کے اوپر نماز پڑھ۔
بے شک تیری نماز ان کے لئے سکون کا باعث ہے۔
اوراللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

اَلَمۡ یَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ
ہُوَ یَقۡبَلُ التَّوۡبَۃَ عَنۡ عِبَادِہٖ
وَ یَاۡخُذُ الصَّدَقٰتِ
وَ اَنَّ اللّٰہَ ہُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۰۴﴾

۱۰۴۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ وہی ہے
جو اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا ہے
اور صدقات / خیرات لیتا ہے
(یعنی غنم / منافع کا ۵/ اواں حصّہ
اور جو کچھ بھی حیثیت کے مطابق ہو)
اور یہ کہ اللہ وہی ہے جو لوٹنے والا،
رحم کرنے والا ہے۔

وَ قُلِ اعۡمَلُوۡا
فَسَیَرَی اللّٰہُ عَمَلَکُمۡ
وَ رَسُوۡلُہٗ وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ
وَ سَتُرَدُّوۡنَ
اِلٰی عٰلِمِ الۡغَیۡبِ وَ الشَّہَادَۃِ
فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۰۵﴾ۚ

۱۰۵۔ اور کہہ دے عمل کرو
پس عنقریب اللہ اور اُسکا رسول اور ایمان والے
تُمھارے اعمال دیکھیں گے۔
اور عنقریب تم غیب کا علم اور گواہی کا علم
رکھنے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔
پس وہ تمھیں پیشن گوئی کرے گا
اُسکے ساتھ جو تم عمل کرتے تھے۔

وَ اٰخَرُوۡنَ مُرۡجَوۡنَ لِاَمۡرِ اللّٰہِ
اِمَّا یُعَذِّبُہُمۡ
وَ اِمَّا یَتُوۡبُ عَلَیۡہِمۡ ؕ
وَ اللّٰہُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ﴿۱۰۶﴾

۱۰۶۔ اور کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے حکم کے
امیدوار ہیں کہ خواہ وہ اُنہیں
عذاب دے یا اُن کی توبہ قبول کرلے
اور اللہ جاننے والا، دانا ہے۔

وَالَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا
مَسۡجِدًا ضِرَارًا
وَّكُفۡرًا وَّتَفۡرِيۡقًاۢ
بَيۡنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ
وَاِرۡصَادًا لِّمَنۡ
حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ
مِنۡ قَبۡلُ‌ؕ
وَلَيَحۡلِفُنَّ اِنۡ اَرَدۡنَاۤ اِلَّا الۡحُسۡنٰى‌ؕ
وَاللّٰهُ يَشۡهَدُ اِنَّهُمۡ لَـكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾

۱۰۷۔اور (منافق) لوگوں نے اُس (ایک) مسجد کو
نقصان اور کفر (اسلام/سلامتی کا) کرنے کیلیئے
اور مومنوں کے درمیان تفرقہ ڈالنے کیلیئے
اور گھات کے لئے (یعنی اچانک حملے
کے لیے خفیہ جگہ) پکڑ رکھا ہے
ان (یہود/یہودیوں) کے لئے جو پہلے سے
اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کرتے آ رہے
ہیں۔ اور ضرور وہ حلف اٹھاتے ہیں
کہ ہمارا ارادہ سوائے اچھائی کے کچھ نہیں ہے۔
اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ
بے شک وہ لوگ ضرور جھوٹے ہیں۔

لَا تَقُمۡ فِيۡهِ اَبَدًا‌ؕ
لَمَسۡجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقۡوٰى
مِنۡ اَوَّلِ يَوۡمٍ
اَحَقُّ اَنۡ تَقُوۡمَ فِيۡهِ‌ؕ
فِيۡهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوۡنَ
اَنۡ يَّتَطَهَّرُوۡا‌ؕ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الۡمُطَّهِّرِيۡنَ ﴿۱۰۸﴾

۱۰۸۔ تُو کبھی بھی اُس (مسجد) میں کھڑا نہ ہو۔
ضرور وہ مسجد (یعنی مسجد حرام) جس کی بنیاد
پہلے دن سے تقوای/حفاظت پر ہے
زیادہ حقدار ہے یہ کہ تُو اُس میں کھڑا ہو۔
اس میں مرد ہیں جو محبت رکھتے ہیں
یہ کہ وہ طہارت کریں۔
اور اللہ طہارت کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اَفَمَنۡ اَسَّسَ
بُنۡيَانَهٗ عَلٰى تَقۡوٰى
مِنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانٍ
خَيۡرٌ اَمۡ مَّنۡ اَسَّسَ بُنۡيَانَهٗ
عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ
فَانۡهَارَ بِهٖ فِىۡ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى
الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۰۹﴾

۱۰۹۔ کیا پس جس کسی نے اپنی بنیاد
اللہ سے تقویٰ/حفاظت اور رضا پر رکھی
بہتر ہے یا جس کسی نے اپنی بنیاد گرتی ہوئی
ڈھلتی ہوئی چٹان کے کنارے پر رکھی
پھر وہ اُس کے ساتھ جہنم کی آگ میں گرے گی۔
اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

لَا يَزَالُ بُنۡيَانُهُمُ الَّذِىۡ
بَنَوۡا رِيۡبَةً فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ
اِلَّاۤ اَنۡ تَقَطَّعَ قُلُوۡبُهُمۡ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿۱۱۰﴾

۱۱۰۔ جو بنیاد انہوں نے (اس مسجد پر) بنائی
جن کے دلوں میں شک ہے نہیں زوال آئیگا
سوائے یہ کہ اُن کے دل قطع/کٹ جائیں۔
اور اللہ علم رکھنے والا، حکمت والا ہے۔

## اَلْاَحْزَاب ٣٣

## الاحزاب ٣٣

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ
وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾

١۔ اے نبی اللہ سے ڈر اور کافروں اور
منافقوں کی اطاعت نہ کر،
بے شک اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿۲﴾

٢۔ اور اتباع کر اس وحی /متاثر کرنے کی
جو تیرے رب کی طرف سے تجھ پر کی گئی ہے
بے شک اللہ اس سے خبردار ہے
جو تم کیا کرتے ہو۔

لَىِٕنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ
وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ
لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ
ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ
فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾

٦٠۔ اگر منافق اور وہ لوگ جن کے
دلوں میں مرض ہے اور وہ جو شہر میں جھوٹی افواہیں
پھیلاتے رہتے ہیں باز نہ آئیں،
تو ہم بھی تجھے ان کے خلاف کاروائی کے لئے
اُبھاریں گے، پھر تیرے پڑوس میں
ایسے لوگ نہ رہ سکیں گے سوائے تھوڑے۔

وَّيُعَذِّبَ
الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ
الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ
عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ
وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ
وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿٦﴾

الفتح ۴۸

٦۔ اور وہ (اللہ) عذاب دے
منافق مردوں اور منافق عورتوں
اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو
جو اللہ کے بارے میں گمان کرنے والے ہیں
بُرا گمان، ان کو برائیوں نے گھیر لیا اور اُن پر
اللہ کا غضب ہوا اور اس نے اُن پر لعنت کی اور
ان کے لئے جہنم تیار کی اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے۔

# القرآن کیا کہتا ھے

## محمد شیخ کے بارے میں

01۔محمد شیخ کا انٹرویو ریحان اللہ والا
کے ساتھ(2011)(انگریزی)

02۔احمد دیدات کی عالمی طالبعلموں کو دعوۃ ٹریننگ
IPCI ڈربن،ساؤتھ افریقہ(1988)(انگریزی)

03۔محمد شیخ کا قرآن سے ہدایت کا سفر (2010)

04۔محمد شیخ پر قاتلانہ حملہ (2005)

05۔محمد شیخ کا جبل نور کا سفر (2006)

06۔حج (2006)

07۔عمرہ(2006)

08۔ختم القرآن کی دعا(2005۔جاری)

## مکالمے

11۔محمد شیخ کا اسمائیلی ڈاکٹر سے مکالمہ(1989)

12۔محمد شیخ کا صحافیوں سے مکالمہ(2008)

13۔محمد شیخ کا پرویزی پیروکاروں سے مکالمہ(2013)

14۔محمد شیخ کا صومالی امام سے مباحثہ(2013)(انگریزی)

15۔محمد شیخ اور پادری جیفری رائٹ
کے درمیان مکالمہ(2013)(انگریزی)

16۔محمد شیخ کا امریکہ والوں سے مکالمہ(2013)(انگریزی)

17۔محمد شیخ کا کینیڈا والوں سے مکالمہ(2013)(انگریزی)

18۔محمد شیخ کا کینیڈا میں احمدی مسلموں سے مکالمہ
(2013)(انگریزی)

19۔محمد شیخ کا مفتی عبدالباقی سے مکالمہ(2016)

20۔محمد شیخ کی دبئی کے لوگوں کو دعوت(2018)(انگریزی)

## اپنے خدا کو پہچانو

21۔آلہہ اور اللہ (2011)

22۔ابلیس رشیطان (2004)

## چنی ہوئی شخصیات

23۔ابراہیمؑ کا خواب( 2011)

24۔موسیٰؑ کی کتاب (2011)

25۔مریمؑ (2009)

26۔کیا مریمؑ المسیح عیسیٰؑ کی واحد والدین
میں سے ہیں (2013)(انگریزی)

27۔المسیح عیسیٰؑ ابنِ مریمؑ (2006)

28۔المسیح عیسیٰؑ کی زندگی اور موت کی پیشنگوئیاں
(2013)(انگریزی)

29۔محمد ﷺ(2002)

30۔موسیٰؑ کا پہاڑ(2017)

## اللہ کی کتاب

31۔الکتاب (2011)

32۔القرآن (1991،2008)

33۔اللہ کی کتاب (2017)(انگریزی)

34۔کیا قرآن اللہ کا کلام ہے؟

35۔تورات اور انجیل (2007،2011)

36۔زبور (2008)

37۔حدیث (2005)

38۔سنّت (2004)

39۔الحکمۃ (2008)

# مقرِّر : محمد شیخ

40۔روح (2008)

41۔زبانیں (2008)

42۔ہدایت (2010)

## اپنی پہچان

51۔مسلم (1991،2004)

52۔اہل کتاب (2006)

53۔بنی اسرائیل (2003،2011)

54۔اولیاء (2011)

55۔خلیفہ (2013)

56۔امام (2013)

57۔فرقے

58۔منافق

59۔یہود اور نصاریٰ (2008)

60۔اللہ بشر سے کیسے کلام کرتا ہے؟ (2019)

## گھریلو زندگی

61۔حجاب(2011)

62۔نکاح(2009)

63۔میاں اور بیوی کے تعلقات(2011)

64۔فاحشہ(2008)

65۔طلاق(2009)

66۔والدین اور بچّوں کے تعلقات(2010)

## مال کا استعمال

71۔صدقہ اور زکوٰۃ (2006)

72۔رِبا (2006)

73۔وراثت

## ایمان کی سمت

81۔اسلام اور مسلم (پاک امریکن کلچرل سینٹر) (1991)(انگریزی)

82۔اسلام (2004)

83۔ابراہیم کا مذہب (2010)

84۔صراطِ مستقیم (2013)

85۔شفاعت (2010)

86۔کعبہ اور قبلہ (2007)

87۔مساجد (2013)

88۔صلوٰۃ رنماز (2011)

89۔محترم مہینے (2006)

90۔صوم رروزہ (2008)

91۔عمرہ اور حج (2013)

92۔اُمُّ القُریٰ ربستیوں کی ماں (2019)

## احکام والی آیات سے اپنے اوپر حکومت

101۔جہاد (2006)

102۔قتل (2005)

103۔نفسیاتی قتل (2010)

104۔دہشت گردی (2006)

105۔حرب رجنگ (2006)

106۔قصاص (2012)

107۔نفسیاتی زخموں کی تسلّی (2012)

108۔اخلاق




آئی آئی پی سی CANADA ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو بغیر کسی مذہب، عقیدے اور رنگ و نسل کے فرق سے، بلا امتیاز ضرورتمندوں، غریبوں اور بے گھر لوگوں کی امداد میں مصروفِ عمل ہے۔ آپ ہمارے ساتھ اللہ کے راستے میں ہاتھ ملائیں اور انصار اللہ/اللہ کے مددگار بن جائیں۔ اس کے علاوہ دنیا کے تمام لوگوں کو اسلام کی طرف ہماری دعوۃ مہم میں رضا کار بننے کی درخواست ہے۔ اللہ آپ کو دنیا اور آخرت میں جزا دے گا اور آپ پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل کرے گا۔ (آمین)

## ابھی عطیہ کریں

www.iipccanada.com/donate/